Time: 2.30 mnts **Class: I Semester B.A** Max. Marks: 60

I صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے: (10x1=10)

1. اپنا حال سوچ کر وہ اس دلفریب دلہن کے ملنے سے ۔۔۔۔۔۔۔ ہوا۔
(خوش مایوس بے چین)

2. آن کی آن میں پورا ۔۔۔۔۔ سکریٹری کے خلاف سینہ سپر ہوگیا۔
(محلّہ علاقہ ڈبّہ)

3. محمد قلی قطب شاہ نے شہر ۔۔۔۔۔۔ بسایا۔
(دلّی حیدرآباد لکھنؤ)

4. ایسے تحفے اکثر ۔۔۔۔۔۔ اور فقیروں کے ہاتھ آتے ہیں۔
(تاجروں مسافروں سوداگروں)

BMSCW LIBRARY

5. ۔۔۔۔۔۔ کی دوکان میں ورسٹیڈ کے تھانوں کے تھان کپڑے پڑے تھے۔
(کپڑے راشن کتابوں)

6. 'گزرا ہوا زمانہ' کے مضمون نگار سرسید احمد خان ہیں۔ (صحیح/غلط)

7. اُردو زبان خالص ہندوستانی ہے۔ (صحیح/غلط)

8. نظم 'گزرے زمانے کی یاد' کے شاعر نادرؔ کاکوروی ہیں۔ (صحیح/غلط)

9. ریل منتری نے اکیلے ریل میں سفر کیا۔ (صحیح/غلط)

10. 'محل سرا' میں سلیم مصوّر رہے۔ (صحیح/غلط)

II کسی دو کے تفصیلی جواب لکھیے: (2x10=20)

1. ریل منتری کے ریل میں سفر کا حال لکھیے۔

2. اُردو زبان کے آغاز و ارتقاء کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

3. 'خواجہ سگ پرست' میں وزیر کیوں گرفتار ہوا؟ اس کی رہائی کیسے ممکن ہوئی؟

III بحوالۂ متن کسی تین جملوں کی وضاحت/تشریح کیجیے: (3x2=06)

1. ''چلو اب باتیں نہ بناؤ۔ ہمیں سب سے پہلے ٹکٹ خریدنا چاہیے۔''

2. ''اگر ایک آدھ تار نکال کر رفو کر دو تو کیا کہنے۔''

3. ’’کیوں بیٹا! ہم تمہارے ہی بھلے کے لئے نہ کہتے تھے۔‘‘

4. ’’خدا کی قدرت سے تعجب نہیں کہ شاید باشد۔‘‘

5. ’’ارے توبہ ہے۔ تو بھی کیا قضیہ لے کر بیٹھ گیا۔‘‘

IV کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے: (1x8=08)

1. شعاعِ امید

2. آدمی نامہ

BMSCW LIBRARY

3. اجڑا ہوا گھر

V کسی تین اشعار کی تشریح کیجئے۔ (3x2=06)

1 . زلف تیری ہے موج جمنا کی
تِل نزِک اُس کے جیوں سنا سی ہے

2 . حجاب ِ رُخ یار تھے آپ ہی ہم
کھلی آنکھ جب ، کوئی پردا نہ دیکھا

3 . نازکی اس کے لب کی کیا کہئے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

4 . خدا دشمنوں کو نہ وہ کچھ دکھائے
جو کچھ دوست اپنے سے ہم دیکھتے ہیں

5 . ہنستے جو دیکھتے ہیں کسی سے کسی کو ہم
منھ دیکھ دیکھ روتے ہیں کس بے بسی سے ہم

VI کسی دو سوالوں کے جواب لکھئے: (2x510)

1. منظور نواب صاحب سے کیوں خفا تھا؟

2. سلیم اور منظور میں کیا گفتگو ہوئی؟

3. ریحانہ سلیم کی بات ماننے سے کیوں انکار کی؟

***********************************

Time: 2.30 mnts **Class: I Semester B.Com** Max. Marks: 60

I صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے: (10x1=10)

1. ایک بھوکا۔۔۔۔۔۔خان خاناں کے دروازے پر آیا۔
( مسلمان عیسائی برہمن )

2. خود پر۔۔۔۔۔۔۔۔کر لینا بہتر ہے بجائے اس کے کہ کسی دوسرے کے منہ سے نکتہ چینی سنی جائے۔
( تنقید نکتہ چینی بھروسہ )

3. ۔۔۔۔۔۔کے موسم کی منطق ہی جداگانہ ہوتی ہے۔
( گرمی بارش سردی )

4. مایا کا بھائی اپنی بیوہ بہن سے۔۔۔۔۔۔۔بندھوانے کے لئے آنے والا تھا۔
( تعویذ راکھی پٹّی )

5. ۔۔۔۔۔۔الفاظ کے ذریعے دل کی ہر بات دوسروں تک پہنچانے میں کامیاب ہو گیا۔
( مرد عورت انسان )

6. نظم 'بچپن کی یاد' کے شاعر جوش ملیح آبادی ہیں۔ (صحیح/غلط)

7. خان خاناں اکیلے کھانا کھاتا تھا۔ (صحیح/غلط)

8. چچا چھکن نے پڑوسی سے جھگڑا کیا۔ (صحیح/غلط)

9. سردی کے موسم میں ہر آدمی اپنا کچھ نہ کچھ نقصان ضرور برداشت کرتا ہے۔ (صحیح/غلط)

10. 'مکافاتِ عمل' نظیر اکبر آبادی کی لکھی ہوئی نظم ہے۔ (صحیح/غلط)

BMSCW LIBRARY

II کسی دو کے تفصیلی جواب لکھئے: (2x10=20)

1. خان خاناں کی دریادلی کے کوئی دو واقعات مفصل لکھئے۔

2. باباجی نے بھولا کو کس شرط پر کہانی سنائی اور نتیجہ کیا نکلا؟

3. کامیابی کے زرّیں اصول سے کسی دو کی وضاحت کیجئے۔

III بحوالہء متن کسی تین جملوں کی وضاحت/تشریح کیجئے: (3x2=06)

1. ''پٹواری چلا گیا تو پھر یہ کام ایک ماہ سے ادھر نہ ہو سکے گا۔''

2. ''اس وقت خیرات دے کر مجھے عذاب میں مبتلا نہ کیجئے۔''

3. ''تم بحث میں کسی جاہل کو زیر نہیں کر سکتے۔''

4. ''اپنی عمر کا نہیں تو ان بچوں کا ہی خیال کرو۔''

5. ''تم ندی میں جا کر دیکھو جب ندی میں نہائے چاند۔''

IV کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے: (1x8=08)

1. مکافاتِ عمل

BMSCW LIBRARY

2. سورۃ الرحمٰن

3. داستانِ آدم

V کسی تین اشعار کی تشریح کیجئے۔ (3x2=06)

1 . سمجھو خدا کے واسطے یارو بُرا نہیں
دو دن اگر کسی کے کوئی کام آ گیا

2 . کبھی بیٹھے جو روبرو ، تو اشاروں میں گفتگو
وہ بیان شوق کا بر ملا ۔ تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

3 . موت کی راہ نہ دیکھوں کہ بن آئے نہ رہے
تم کو چاہوں کہ نہ آؤ ، تو بلائے نہ بنے

4 .ہوتی نہیں قبول دعا ترک ِ عشق کی
دل چاہتا نہ ہو تو دعا میں اثر کہاں

5 .عہد ِ جوانی رو رو کاٹا، پیری میں لیں آنکھیں موند
یعنی رات بہت تھے جاگے ، صبح ہوئی آرام کیا

VI کسی دو سوالوں کے جواب لکھئے: (2x510)

1. چچا چھکن کو جھگڑا چکانے کا کیا انعام ملا؟

2. تصویر ٹانگنے چچا چھکن نے کس کس سے مدد لی؟

3. چچا چھکن نے پنڈت جی سے کیا بات سنی؟

***********************************

Time: 2 1/2 hrs **Class: I Semester BBA/BCA** Max. Marks: 60

I صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے: (10x1=10)

1. آخرزمانے میں ان کا جو حال تھا اس کو سن کر کلیجہ۔۔۔۔کو آتا ہے
(دل گردے کلیجہ)

2. ہروقت کھڑا رہنے سے اس کے۔۔۔۔سوج گئے۔
(ہاتھ پاؤں انگلیاں)

3. تھرڈ ڈیویژن میں پاس ہونے کی وجہ سے۔۔۔۔ہم کو وظیفہ دینا مناسب نہ سمجھا۔
(اسکول کالج یونیورسٹی)

4. ایسے۔۔۔۔۔اکثر سوداگروں اور فقیروں کے ہاتھ آتے ہیں۔
(انعام تحفے خزانے)

5. عام۔۔۔۔کو جسم و جان کا رشتہ قائم رکھنے میں بڑی مشکلوں کا سامنا کرنا رہا کرتا ہے۔
(انسانوں لوگوں شہریوں)

6. نظم 'خوشامد' نظیر اکبرآبادی نے لکھی ہے۔ (صحیح/غلط)

7. ڈرامہ 'نیا پُرانا' میں دیوچند سرکاری اسکول میں کا ہیڈ ماسٹر ہے۔ (صحیح/غلط)

8. مولوی عبدالحق کی پسندیدہ غذا گوشت تھی۔ (صحیح/غلط)

9. 'جہاں میں رہتا ہوں' سعادت حسن منٹو کا لکھا ہوا مضمون ہے۔ (صحیح/غلط)

10. نظم 'حیدر علی' کے شاعر ساغر نظامی ہیں۔ (صحیح/غلط)

II کسی دو کے تفصیلی جواب لکھئے: (2x10=20)

1. خواجہ سگ پرست میں وزیر کیوں گرفتار ہوا؟ اور کیسے رہا ہوا؟

2. لاہور کے پاگل خانے کے مختلف پاگلوں کا حال لکھئے۔

3. 'جہاں میں رہتا ہوں' میں مضمون نگار نے کیا بتایا ہے؟

BMSCW LIBRARY

III بحوالہء متن کسی تین جملوں کی وضاحت/تشریح کیجئے: (3x2=06)

1. "میں اسی درخت ہی پر رہوں گا۔"

2. "تمہارا شخصیت سے آخر کیا مطلب ہے۔"

3. ''جو کچھ بیٹا کر سکتا میں بھی کر سکتی ہوں۔''

4. ''تم نکلے بالکل نوجوان۔نوعمر لوندے، بڑا دھوکہ دیا تم نے۔''

5. ''امانت میں خیانت کیسی؟ وہ چیز تو آپ ہی کی ہے۔''

IV کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے: (1x8=08)

1. دولت اور وقت

BMSCW LIBRARY

2. خوشامد

3. حیدرعلی

V کسی تین اشعار کی تشریح کیجئے۔ (3x2=06)

1 . وائے نادانی ! کہ وقتِ مرگ یہ ثابت ہوا
خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا ، جو سنا افسانہ تھا

2 . عاشق تو مُردہ ہے ہمیشہ جی اُٹھتا ہے دیکھے اُسے
یار کے آجانے کو یکا یک ، عمر دوبارہ جانے ہے

3 . نہ مُڑ کر بھی بے درد قاتل نے دیکھا
تڑپتے رہے نیم جاں جیسے کیسے

4 . ہر ایک بات پہ کہتے ہو تم کہ تو کیا ہے
تمہیں کہو کہ یہ اندازِ گفتگو کیا ہے

5 . تم نے ٹھرائی ہے گر غیر کے گھر جانے کی
تو ارادے یہاں کچھ اور ٹھر جائیں گے

VI کسی دو سوالوں کے جواب لکھئے: (2x510)

1. روی دت کون تھا؟ اس نے دیو چند کو کس طرح پریشان کیا؟

2. للّی کی ماں کے زیورات حاصل کرنے میں پرتما نے کیا رول ادا کیا؟

3. دیو چند کی پریشانی کا حال لکھئے۔

**********************************

Time: 2 1/2 hrs **Class: I Semester B.Sc** Max. Marks: 60

I صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے: (10x1=10)

1. ۔۔۔۔۔۔۔ہمیشہ حق و باطل کے جھگڑوں میں گرفتار رہا ہے۔

(فرشتہ انسان مرد)

2. ٹکٹ تو ہم نے لے لیا لیکن وہ ٹکٹ ۔۔۔۔۔کا معلوم ہوتا ہے۔

(بس ہوائی جہاز ٹرین)

3. ہلکو کے کھیت سے تھوڑی دور کے فاصلے پر ایک ۔۔۔۔۔۔۔۔تھا۔

(باغ کھیت باغیچہ)

BMSCW LIBRARY

4. ایک مشہور نظریہ یہ ہے کہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔فوجی لشکر میں پیدا ہوئی۔

(فارسی عبرانی اُردو)

5. مرزا ظاہر دار بیگ میں کلیم گھر سے نکل کر اپنے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے پاس گیا۔

(دوست رشتہ دار پڑوسی)

6. نظم 'عدلِ جہانگیری' کے شاعر علامہ شبلی نعمانی ہیں۔ (صحیح/غلط)

7. 'پوس کی رات' میں ہلکو نے رات بھر کھیت کی رکھوالی کی۔ (صحیح/غلط)

8. 'سودیشی ریل' میں ریل کے سفر کے فائدے بتائے گئے ہیں۔ (صحیح/غلط)

9. 'مرحوم کی یاد میں' بائیسکل مرکزی خیال ہے۔ (صحیح/غلط)

10. نظیر اکبر آبادی نے نظم 'بنجارہ نامہ' لکھی ہے۔ (صحیح/غلط)

II کسی دو کے تفصیلی جواب لکھیے: (2x10=20)

1. افسانہ 'پوس کی رات' میں ہلکو نے رات کیسے گزاری؟

2. 'مرزا ظاہر دار بیگ' میں گھر سے نکلنے کے بعد کلیم کی کیا حالت ہوئی؟

3. اُردو زبان کے آغاز و ارتقاء کے متعلق اپنی معلومات پیش کیجیے۔

III بحوالہء متن کسی تین جملوں کی وضاحت/تشریح کیجیے: (3x2=06)

1. ''لیکن آپ نے کبھی اس کا تذکرہ نہیں کیا۔''

2. ''جب گاڑی بھر جائے گی اس وقت فیصلہ ہو سکتا ہے۔''

3. ''پہلے یہ تدبیر نہیں سوجھی۔ نہیں تو اتنی ٹھنڈ کیوں کھاتے۔''

4. ''آج یہ کیا بات ہے کچھ اندھیرا اندھیرا سا ہے۔''

5. ''انسان خود فریب اور خدا پرست واقع ہوا ہے۔''

IV کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے: (1x8=08)

1. بنجارہ نامہ

BMSCW LIBRARY

2. عدل جہانگیری

3. مردِ مسلماں سے خطاب

V کسی تین اشعار کی تشریح کیجئے۔ (3x2=06)

1. مرے سلیقے سے میری نبھی محبّت میں
تمام عمر میں ناکامیوں سے کام کیا

2. شمع کے مانند ہم اس بزم میں
چشم ِ تر آئے تھے ، دامن تر چلے

3. چاروں طرف سے صورت ِ جاناں ہو جلوہ گر
دل صاف ہو ترا تو ہے آئینہ خانہ کیا

4. تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے
ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا

5. رنج سے خو گر ہو انساں تو مٹ جاتا ہے رنج
مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہوگئیں

VI کسی دو سوالوں کے جواب لکھئے: (2x510)

1. طالبِ علم نے ہاسٹل میں رہ کر پڑھنے کی کیا کوشش کی؟

2. مضمون نگار کے بائیسکل پر سفر کا حال اپنے الفاظ میں لکھئے۔

3. کاہل طالبِ علم نے کیسے امتحان کی تیاری کی؟

***********************************